بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا

منجانب:۔ ریسرچ آفیسر، اعلیٰ وثانوی تعلیمی بورڈ سرگودھا۔ نمبر:۔10-Ro

بجانب:۔ سرگودھا بورڈ سے متعلقہ جملہ ہائی/ہائیر سیکنڈری سکولز اور کالجز کے سربراہان۔ مورخہ:۔07-11-2026

عنوان:۔ یوم اقبال (9 نومبر) کے حوالے سے پوسٹر سازی کے مقابلہ کے انعقاد

مقابلہ نمبر 1:۔ (علامہ اقبالؒ کے افکار، شاعری، فلسفہ خودی اور پیغام نوجوانان کے لیے پوسٹر سازی کے مقابلہ کا انعقاد)

مقابلہ نمبر 2:۔ (علامہ اقبالؒ کے افکار، شاعری، فلسفہ خودی اور پیغام نوجوانان کے لیے تیار شدہ آرٹ پوسٹر بمعہ فرم کے مقابلہ کا انعقاد)

محترم جناب/محترمہ،

السلام علیکم!

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا کے زیر اہتمام 9 نومبر یوم اقبال کے موقع پر طلبہ وطالبات میں علامہ محمد اقبالؒ کی شخصیت، فکر وفلسفہ اور شاعری سے متعلق آگاہی وشعور اجاگر کرنے کے لیے آرٹ پوسٹر سازی اور تیار شدہ آرٹ پوسٹر بمعہ فرم کے مقابلوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ مقابلہ نمبر 1 میں شرکت کرنے والے طلبہ وطالبات علامہ اقبالؒ کے افکار، شاعری، فلسفہ خودی اور پیغام نوجوانان کے موضوعات پر آرٹ پیپر پر پوسٹر تیار کریں گے۔

مقابلہ نمبر 2 میں شرکت کرنے والے طلبہ وطالبات آرٹ پیپر پر تیار شدہ پوسٹر بمعہ فرم کے مقابلے میں بھی شرکت کر سکتے ہے۔

مقابلوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ وطالبات میں سے اول، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنے والوں کو بورڈ کی جانب سے انعامات سے نوازا جائے گا۔

مقابلوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

مقابلہ نمبر 1

(i) ہائی/ہائیر سیکنڈری سکولز اور کالجز کے طلباء/طالبات شرکت کے اہل ہوں گے۔

(ii) ہر سکول سے صرف ایک طالب علم/طالبہ پوسٹر بنانے کا اہل ہوگا/ہوگی۔

(iii) آرٹ پیپر کا سائز "22x26" یا کوئی بھی سائز کا ہونا چاہیے جو کہ (خالی صورت میں) طالب علم/طالبہ اپنے ہمراہ لائیں گے۔

(iv) آرٹ پیپر پر تیار کیا جا سکتا ہے پوسٹر پنسل/پیسٹل/آئل یا واٹر کلر/Lacquer Spray یا کسی بھی میڈیم میں پوسٹر تیار کیا جا سکتا ہے۔ جو کہ طالب علم/طالبہ اپنے ہمراہ لائیں گے

(v) پوسٹر بنانے کا وقت 03:00 گھنٹے کا ہوگا۔

(vi) طلباء/طالبات اپنے ادارہ کے سربراہ سے مقابلہ پوسٹر میں شرکت کا اجازت نامہ ہمراہ ایک عدد تصدیق شدہ تصویر لائیں گے۔

(vii) طلباء/طالبات بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا میں پوسٹر بنانے کی تاریخ 14-11-2026 بوقت 11:00AM بجے ہوگی۔

مقابلہ نمبر 2

(i) ہائی/ہائیر سیکنڈری سکولز اور کالجز کے طلباء/طالبات آرٹ پیپر پر پوسٹر تیار شدہ بمعہ فرم کے ساتھ بھی مقابلے میں شرکت کر سکتے ہے۔

(ii) طلباء/طالبات بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا میں تیار شدہ آرٹ پوسٹر بمعہ فرم کے مقابلے میں مورخہ 14-11-2026 بوقت 11:00AM بجے شرکت کے اہل ہوں گے۔

لہذا آپ سے درخواست ہے کہ متذکرہ بالا قواعد کے مطابق اپنے ادارہ کے ایک بہترین طالب علم/طالبہ کو مقابلوں میں کو مقررہ تاریخ پر شرکت کے لیے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا بھجوائیں۔

ریسرچ آفیسر